شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

23جولائی2026ء

پریس ریلیز

توہینِ مقدسات میں ملوث ملزموں کو جرم ثابت ہونے پر قرار واقعی سزا دی جائے۔

قرآن پاک کے جن نسخوں کی توہین کی گئی ہے اُنہیں پاک کر کے جلد از جلد شرعی طریقے سے دفنایا جائے۔

پارلیمان اشرافیہ کے مفادات کے لیے ایک ہی دن میں درجنوں قوانین بنا لیتی ہے؛ قرآن پاک کے اِن نسخوں سے مجرموں کے خلاف شواہد اکٹھے کرنے کے لیے بھی فی الفور قانون سازی کرے۔

(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): توہینِ مقدسات میں ملوث ملزموں کو جرم ثابت ہونے پر قرار واقعی سزا دی جائے۔ قرآن پاک کے جن نسخوں کی توہین کی گئی ہے اُنہیں پاک کر کے جلد از جلد شرعی طریقے سے دفنایا جائے۔ پارلیمان اشرافیہ کے مفادات کے لیے ایک ہی دن میں درجنوں قوانین بنا لیتی ہے؛ قرآن پاک کے اِن نسخوں سے مجرموں کے خلاف شواہد اکٹھے کرنے کے لیے بھی فی الفور قانون سازی کرے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا پر بد ترین توہینِ مقدسات کے ملزمان پر مختلف عدالتوں میں مقدمات زیرِ سماعت ہیں، جن میں سے بعض مقدمات ایسے بدبختوں کے خلاف ہیں جنہوں نے قرآن پاک کے نسخوں کی شرمناک توہین کی۔ انا اللہ وانا الیہ راجعون! قرآن پاک کے وہ نسخے ایک مدت سے سرکاری تحویل میں ہیں اور اُنہیں ملزمان کے خلاف بطورِ ثبوت محفوظ رکھا گیا ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ حکومتی ادارے ملزمان کے خلاف مقدمات جاری رکھیں اور اُنہیں منطقی انجام تک پہنچا کر مجرموں کو قرار واقعی سزا دیں، لیکن قرآن پاک کے اُن نسخوں سے ثبوت جمع کرنے، اُنہیں پاک کرنے اور پھر اُن کی شرعی طریقے پر تدفین کے لیے فی الفور اقدامات کیے جائیں۔ اِس حوالے سے چاہے الگ ڈی این اے ڈیٹا بنک بنانا ہو، کوئی قانون سازی کرنی ہو یا کسی صدارتی آرڈیننس کی حاجت ہو، عمل درآمد میں مزید تاخیر نہ کی جائے۔ جب دنیاوی معاملات کے حوالے سے ایک ہی دن میں پارلیمان سے کئی درجن قوانین پاس کیے جا سکتے ہیں تو دینی حمیت، ایمانی غیرت اور شرافت و حیاء کا لازمی تقاضا ہے کہ اِس شرعی فرض کو فی الفور پورا کیا جائے۔ امیر تنظیم نے کہا اگر ہم اِس معاملے میں غفلت برتتے رہے تو آخرت میں سخت جوابدہی کا خدشہ ہے۔ اللہ تعالیٰ حکومت، پارلیمان اور ریاستی اداروں کے سربراہان کو جلد از جلد اِس دینی فریضہ کو پورا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ
رضاء الحق
مرکزی ناظم نشرو اشاعت

TANZEEM E ISLAMI

PRESS RELEASE: July 23rd, 2026

Those found guilty of blasphemy against sacred entities must be awarded the prescribed punishment.

The desecrated Mus'hafs of the Holy Qur'an should be cleaned and buried in accordance with the Shari'ah at the earliest opportunity.

Parliament should immediately legislate to enable the collection and preservation of evidence from these Mus'hafs for the prosecution of the accused.

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement. He said that those accused of blasphemy against sacred entities should, upon being found guilty through due legal process, be awarded the prescribed punishment. The Mus'hafs that were subjected to desecration should be cleaned and, at the earliest opportunity, buried in accordance with the Shari'ah. He further urged that Parliament – which is capable of passing dozens of laws in a single day when the interests of the elite are at stake – should immediately enact legislation to facilitate the collection and preservation of evidence from these Mus'hafs for use in the prosecution of the accused. He stated that cases involving individuals accused of committing the most grievous acts of blasphemy against sacred entities are currently under trial before various courts, including cases against individuals alleged to have committed the shameful desecration of Mus'hafs. Inna lillahi wa inna ilayhi raji'un. These Mus'hafs have remained in government custody for an extended period, where they have been preserved as evidence in the ongoing legal proceedings against the accused. The Ameer of Tanzeem-e-Islami said that the relevant state institutions should continue prosecuting these cases to their logical conclusion and ensure that those found guilty are awarded the prescribed punishment. At the same time, immediate measures should be taken to complete the collection and preservation of evidence from these Mus'hafs, to clean them, and thereafter arrange for their burial in accordance with the Shari'ah. In this regard, whether it requires establishing a separate DNA database, enacting specific legislation, or issuing a presidential ordinance, no further delay should be permitted in implementing these measures. He added that if Parliament can pass dozens of laws in a single day concerning worldly affairs, then religious commitment, faith, and moral decency demand that this Shari'ah obligation likewise be fulfilled without delay. The Ameer further warned that if negligence continues in this matter, there is a grave risk of severe accountability in the Hereafter. He prayed that Allah (*SWT*) grant the Government, Parliament, and the heads of the state institutions the ability to fulfill this religious obligation at the earliest. Ameen.

Issued by:
Raza-ul-Haq
Markazi Nazim Nashr o Ishaat